Sl. No. of Q.P. : 1494

Unique Paper Code :214104

Name of the Paper :Study of Progressive Poetry

F

Name of the Course :B A (H) URDU

Semester :1st

Duration :3 hours

Maximum Marks : 75

Instructions for Candidates

نوٹ: کل پانچ سوالوں کے جواب دیجیے۔ پہلا اور دوسرا سوال لازمی ہیں۔ نمبر مساوی ہیں۔

۱۔ ذیل کے شعری اقتباسات میں سے ایک کی تشریح حوالے کے ساتھ کیجیے۔

(الف)

ہم پرورشِ لوح و قلم کرتے رہیں گے
جو دل پہ گزرتی ہے رقم کرتے رہیں گے

اسبابِ غمِ عشق بہم کرتے رہیں گے
ویرانیٔ دوراں پہ کرم کرتے رہیں گے

ہاں تلخیٔ ایام ابھی اور بڑھے گی
ہاں اہلِ ستم، مشقِ ستم کرتے رہیں گے

منظور یہ تلخی یہ ستم ہم کو گوارا
دم ہے تو مداوائے الم کرتے رہیں گے

مے خانہ سلامت ہے تو ہم سرخیٔ مے سے
تزئینِ در و بامِ حرم کرتے رہیں گے

باقی ہے لہو دل میں تو ہر اشک سے پیدا
رنگِ لب و رخسارِ صنم کرتے رہیں گے

(ب)

میں ایک گریزاں لمحہ ہوں
ایام کے افسوں خانے میں

میں ایک تڑپتا قطرہ ہوں
مصروفِ سفر جو رہتا ہے

ماضی کی صراحی کے دل سے
مستقبل کے پیمانے میں

میں سوتا ہوں اور جاگتا ہوں
اور جاگ کے پھر سو جاتا ہوں

صدیوں کا پرانا کھیل ہوں میں
میں مر کے امر ہو جاتا ہوں

۲۔ ذیل کے شعری اقتباسات میں سے ایک کی تشریح سیاق و سباق کے ساتھ کیجیے۔

(الف)

ہل پہ دہقاں کے چمکتی ہیں شفق کی سرخیاں
اور دہقاں سر جھکائے گھر کی جانب ہے رواں

اس سیاسی رتھ کے پہیوں پر جمائے ہے نظر
جس میں آجاتی ہے تیزی کھیتیوں کو روندکر

اپنی دولت کو جگر پر تیرِ غم کھائے ہوئے
دیکھتا ہے ملکِ دشمن کی طرف جاتے ہوئے

قطع ہوتی ہی نہیں تاریکیٔ حرماں سے راہ
فاقہ کش بچوں کے دھندلے آنسوؤں پر ہے نگاہ

پھر رہا ہے خونچکاں آنکھوں کے نیچے بار بار
گھر کی نا اُمید دیوی کا شباب سوگوار

سوچتا جاتا ہے کن آنکھوں سے دیکھا جائے گا
بے ردا بیوی کا سر، بچوں کا منہ اترا ہوا

P.T.O

(ب)

وہ خمِ گردن وہ دستِ ناز، وہ ان کا سلام
ابروؤں کا وہ تکلم، وہ نگاہوں کا سلام

بولتی آنکھوں کا رس، گلرنگ عارض کا جمال
مسکراتا سا تصور، گنگناتا سا خیال

ایک ایسا غم، جو آنسو بن کے بہہ سکتا نہیں
دل جسے محسوس کر سکتا ہے، کہہ سکتا نہیں

اور کیا ہوگی کسی کی کائنات سال و سن
عشق کی دو چار راتیں، حسن کے دو چار دن

آہ پہلے نارسا تھی، اب کہیں رکتی نہیں
اب کسی کے آستانے پر جبیں جھکتی نہیں

۳۔ اردو میں ترقی پسند تحریک کے آغاز وارتقا پر روشنی ڈالیے۔

۴۔ 'جوش شاعر شباب بھی ہیں اور شاعر انقلاب بھی' اس قول کی روشنی میں جوش ملیح آبادی کی شاعری کا جائزہ لیجیے۔

۵۔ جوش کی کسی اہم نظم کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔

۶۔ مخدوم محی الدین کی شاعری کی اہم خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔

۷۔ مخدوم محی الدین کی نظم 'چارہ گر' کا تنقیدی مطالعہ پیش کیجیے۔

۸۔ 'علی سردار جعفری کی ترقی پسندانہ شاعری' کے عنوان سے ایک مضمون لکھیے۔

۹۔ فیض کی شاعری کی امتیازی خصوصیات پر اظہارِ خیال کیجیے۔